7
سلسلۃ خدمۃ الحدیث النبوی
مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ النساء ۸۰
مُعجم صغیر
تالیف
ابو القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی المتوفی ۳۶۰ھ
ترجمہ
عبد الصمد ریالوی
فوائد
فاروق رفیع
حافظ محمد فہد
تخریج
حافظ عبد الشکور ترمذی
انصار السنۃ
پبلیکیشنز لاہور
اسلامی اکادمی ۱۷۔ الفضل مارکیٹ اردو بازار لاہور
042-37357587

نام کتاب: معجم صغیر

تالیف ابو القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی المتوفی ۳۶۰ھ

ترجمہ عبد الصمد ریالوی تخریج حافظ عبد الشکور ترمذی

فوائد فاروق رفیع حافظ محمد فہد

اہتمام: محمد رمضان محمدی محمد سلیم جلالی

ناشر: ابو مومن منصور احمد

اسلامی اکادمی ۱۷-الفضل مارکیٹ اردو بازار لاہور 042-7357587

Dar-us-Salam

486 ATLANTIC AVE, BROOKLYN, NY 11217
TEL(718) 625-5925 FAX:(718) 625-1511
E-Mail: darussalamny@hotmail.com
Web Site: www.darussalamny.com

(۳) قسم کا کفارہ (۱) دس مساکین کو کھانا کھلانا اوسط درجے کا، (۲) یا دس مساکین کو درمیانہ لباس پہنانا، (۳) یا گردن آزاد کرنا، (۴) اگر ان تینوں صورتوں میں سے کوئی صورت میسر نہ ہو تو تین دن کے مسلسل روزے رکھنا۔

(المائدة: ۵/ ۷۹)

[۱۳]...... حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَقْطَعُ الْبَغْدَادِيُّ ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْمِهْرِقَانِيُّ الرَّازِيُّ ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ قِيرَاطٍ ، عَنْ جَسْرِ بْنِ فَرْقَدٍ أَبِي جَعْفَرٍ ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ ، عَنِ الْحَسَنِ ، عَنْ أَنَسٍ ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ ، لَمْ يَرْوِهِ عَنْ يُونُسَ ، إِلَّا جَسْرٌ ، وَأَبُو عُمَارَةَ الرَّازِيُّ ، تَفَرَّدَ بِهِ عَنْ جَسْرٍ ، حَمَّادُ بْنُ قِيرَاطٍ ، وَعَنْ أَبِي عُمَارَةَ عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَيَانٍ الْوَاسِطِيُّ . ①

ترجمة الحديث سیدنا انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ہر شخص اس کے ساتھ ہوگا جس سے وہ محبت کرتا ہے۔''

فوائد :...... دیکھیے فوائد حدیث نمبر: ۵۹، ۵۲۔

[۱۴]...... حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْخُزَاعِيُّ الْأَصْبَهَانِيُّ أَبُو الْعَبَّاسِ ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَسْكَرِيُّ ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ ، سَمِعْتُ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ ، يَقُولُ : إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِي مَقَامِي هَذَا عَامَ الْأَوَّلِ ، فَقَالَ : مَا أُعْطِيَ أَحَدٌ بَعْدَ الْيَقِينِ مِثْلَ الْعَافِيَةِ ، وَنَحْنُ نَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ، أَلَا وَإِنَّ الصِّدْقَ وَالْبِرَّ فِي الْجَنَّةِ ، أَلَا وَإِنَّ الْكَذِبَ وَالْفُجُورَ فِي النَّارِ ، لَمْ يَرْوِهِ عَنْ إِسْمَاعِيلَ ، إِلَّا عَمْرُو بْنُ ثَابِتِ بْنِ أَبِي الْمِقْدَامِ ، تَفَرَّدَ بِهِ سَهْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ . ②

ترجمة الحديث قیس بن ابو حازم کہتے ہیں میں نے سنا سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ منبر پر کہہ رہے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری اس جگہ پر گزشتہ سال کھڑے ہوئے اور آپ نے فرمایا ''کوئی شخص بھی یقین کے بعد عافیت جیسی نعمت نہیں دیا گیا اور ہم اللہ سے دنیا اور آخرت میں عافیت مانگتے ہیں۔ خبردار سچائی اور نیکی جنت میں ہے اور بے شک جھوٹ اور گناہ جہنم میں ہے۔''

---

① تقديم تخريجه: ۵۹، ۵۲ .

② سنن ابن ماجه، كتاب الدعاء باب الدعاء بالعفو، رقم: ۳۸۴۹ قال الشيخ الالبانی صحيح۔ ابن حبان، رقم: ۱۰۲۳ . مسند احمد: ۱/ ۳، ۵، ۷.